Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | پیر، 5 جنوری 2026ء، 15 رجب المرجب 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 266

اقتصادی گورننس سسٹم کیلئے 15 رکنی کمیٹی تشکیل

صدارت وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کو سونپ دی گئی، یہ کمیٹی وزیراعظم کے اقتصادی اصلاحات کے پروگرام کا حصہ ہے اور اپنی سفارشات سہ ماہی بنیادوں پر وزیراعظم کو پیش کرے گی

کمیٹی کے لیے ایڈیشنل سیکریٹری خزانہ سیکریٹری کے فرائض انجام دیں گے جبکہ وفاقی وزارت خزانہ سیکریٹریل سپورٹ فراہم کرے گی، ذرائع

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور چینی وزیر خارجہ وانگ یی نے بیجنگ میں پاک چین وزرائے خارجہ کے سٹریٹجک ڈائیلاگ کے ساتویں دور کی مشترکہ صدارت کی

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم نے اقتصادی گورننس سسٹم میں اصلاحات کے لیے 15 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی ہے، جس کی صدارت وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کو سونپ دی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق یہ کمیٹی وزیراعظم کے اقتصادی گورننس اصلاحات کے پروگرام کا حصہ ہے اور اپنی سفارشات سہ ماہی بنیادوں پر وزیراعظم کو پیش کرے گی۔ کمیٹی کے ارکان میں سیکریٹری خزانہ، سیکریٹری (بقیہ نمبر 1)

شبقدر رخیر آباد مٹہ میں چھت گرنے کا المناک واقعہ

بچوں اور خواتین سمیت 6 افراد جاں بحق، 5 زخمی، شادی کی تیاریاں جاری تھیں

شادی میں آئے ہوئے مہمان ملبے تلے دب گئے، فضا سوگوار ہوگئی

چارسدہ (این این آئی) تفصیل شبقدر کے علاقہ خیرآباد مٹہ میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں مکان کی چھت (بقیہ نمبر 2)

تفصیلات کے مطابق شادی کی تقریبات جاری تھیں اور اپنی رشتہ دار خواتین سمیت 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ مکان میں ایک مہمان سمیت 5 زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ٹیموں کی

ایم ٹیگ کے حوالے سے مہلت میں 12 روز باقی

مہم کے تحت اب تک مجموعی طور پر ایک لاکھ 20 ہزار 447 گاڑیوں کو ٹیگ لگائے گئے ہیں

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی دارالحکومت میں ایم ٹیگ کے حوالے سے مہلت میں 12 روز باقی ہیں، مہم کے تحت اب تک مجموعی طور پر ایک لاکھ 20 ہزار 447 گاڑیوں کو ٹیگ لگائے گئے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے (بقیہ نمبر 5)

اب صرف روایتی قابلیت ہی کافی نہیں ہے، سردار طاہر محمود

نئے گریجویٹس کو مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق جدید تکنیکی مہارتیں اپنانے کی ضرورت ہے

اسلام آباد (اے پی پی): اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر نے چیمبر کا دورہ کرنے والے گریجویٹس کے ایک گروپ سے گفتگو کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا ہے کہ جدید (بقیہ نمبر 4)

چکوال قبضہ مافیا کے خلاف فیصلہ کن کارروائی

چکوال بمقام بھکوڑی میں شاملات پر تعمیرات مسمار، ضلعی انتظامیہ کا دو ٹوک پیغام

چکوال (نادر شہزاد) اب آئیں گے بڑے بڑے اوٹ پہاڑ سے شاملات و مفید عام کی اراضی پر قائم غیر قانونی تعمیرات کے لیے چکے کے صداقی موضع بھکوڑی میں ضلعی انتظامیہ کی جانب انہماک نے ضلع بھر میں قبضہ گروپوں (بقیہ نمبر 3)

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور چینی وزیر خارجہ وانگ یی نے 4 جنوری 2026 کو بیجنگ میں پاک چین سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر مشترکہ طور پر لوگو کی نقاب کشائی کی

فوجی فاؤنڈیشن پاکستان کی یوریا کھاد کی 60 فیصد ضروریات پوری کر کے سالانہ 1.5 سے 2 ارب ڈالر بچا رہی ہے، رپورٹ

فوجی فاؤنڈیشن

70 سالہ بے مثال خدمات

ریاست پر بوجھ نہیں

فوجی فاؤنڈیشن قومی خدمت اور معاشی استحکام کی ایک روشن مثال کے طور پر ابھری ہے، جس نے 2024-25 کے دوران 325.7 ارب روپے ٹیکس ادا کیا ہے

فوجی فاؤنڈیشن کے تحت 74 ٹھنڈی سہولیات کام کر رہی ہیں، جن میں 11 ہسپتال اور 63 کلینک شامل ہیں جہاں 1,940 سے زائد مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے

اسلام آباد (اے پی پی): فوجی فاؤنڈیشن قومی خدمت اور معاشی استحکام کی ایک روشن مثال کے طور پر ابھری ہے، جس نے 2024-25 کے دوران 325.7 ارب روپے ٹیکس ادا کیا ہے اور گزشتہ سات سال میں مجموعی طور پر 1.6 ارب ڈالر روپے سے زائد کا ٹیکس ادا کیا گیا ہے۔ فاؤنڈیشن سالانہ تقریباً 12 سے 14 ارب روپے ریٹائرڈ فوجیوں، شہیدوں اور بیواؤں کی فلاح و بہبود پر خرچ کرتی ہے۔ فوجی فاؤنڈیشن کے ذرائع نے اے پی پی کو بتایا کہ فوجی فاؤنڈیشن کے تحت 74 ٹھنڈی سہولیات کام کر رہی ہیں، جن میں 11 ہسپتال اور 63 کلینک شامل ہیں جہاں 1,940 سے زائد مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے۔ ذرائع نے بتایا (بقیہ نمبر 5)

دنیا میں نیا ورلڈ آرڈر قائم ہو رہا ہے، مشاہد حسین سید

اسلام آباد (آئی آئی پی) مسلم لیگ ن کے رہنما مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ دنیا میں نیا ورلڈ آرڈر قائم ہو رہا ہے اور جس کی ابھی اس کی بھینس پر عمل ہو رہا ہے۔ (بقیہ نمبر 7)

بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کا فیصلہ

چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود کی ہدایات

اسلام آباد (این ایی این) بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف گھیرا مزید تنگ کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے بتایا کہ آئیسکو میں وفاقی حکومت اور وزارت قانونی کے تحت ظلاف زیرو ٹالرنس پالیسی (بقیہ نمبر 6)

شہید ذوالفقار علی بھٹو کو یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش

قائد ذوالفقار علی بھٹو ہماری قومی سیاسی تاریخ میں ایک مجدد ساز شخصیت بن کر ابھرے اور آج بھی ایک متاثر کن شخصیت کے طور پر جانے جاتے ہیں

صدر مملکت آصف علی زرداری کا شہید ذوالفقار علی بھٹو کے 98 ویں یوم پیدائش کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آج شہید ذوالفقار علی بھٹو کے یوم پیدائش کی سالگرہ کے موقع پر ہم ایک ایسے بلند پایہ سیاستدان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جن کی زندگی اور قیادت نے پاکستان کی تاریخ پر گہرے اثرات مرتب کئے۔ وہ ہماری قومی سیاسی تاریخ میں ایک عہد ساز شخصیت بن کر ابھرے اور آج بھی ایک دانش مند سیاستدان کی حیثیت سے سرخرو ہیں۔ شہید ذوالفقار (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: ایس پی ٹی ٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین اور ایس پی انڈسٹریل ایریا زون خالد محمود اعوان ڈیوٹی پوائنٹ کا دورہ کر رہے ہیں

بصارت سے محروم افراد کے رسم الخط بریل کے عالمی دن پر پیغام

"بریل" بصارت سے محروم افراد کیلئے علم اور امید کی کرن ہے، بصارت سے محروم افراد کی زندگیوں کو علم سے منور کرنے والے قابل تحسین ہیں

بصارت سے محروم افراد کی زندگیوں کو علم سے منور کرنے والے قابل تحسین ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا پیغام

لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ بصارت سے محروم افراد کی زندگیوں کو علم سے منور کرنے والے قابل تحسین ہیں۔ بصارت کی نعمت سے محروم افراد کے رسم الخط "بریل" کے عالمی دن پر پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے "بریل" کے لئے علم اور امید کی (بقیہ نمبر 8)

اسحاق ڈار کی ملائیشیا کے وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک گفتگو

بیجنگ (اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ملائیشیا کے وزیر خارجہ محمد بن حاجی حسن کے ساتھ ٹیلیفونک گفتگو کی ہے۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا اور مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ (بقیہ نمبر 9)

لاہور: آئی جی کے احکامات پر پولیس اہلکار گرجا کر بے باب الرٹ کھڑے ہیں

موٹروے پولیس کی سال 2025ء کی کارکردگی رپورٹ جاری

نیشنل ہائی ویز موٹروے پولیس نے سال 2025ء میں 18,000 سے زیادہ مسافروں کو ہنگامی امداد فراہم کی ہے

لاپتہ ہونے والے 169 بچوں کو بحفاظت ان کے اہل خانہ سے ملایا گیا جبکہ 70 خطرناک مجرموں کو پکڑ کر مختلف مقدمات میں پولیس کے حوالے کر دیا گیا

اسلام آباد (اے پی پی): نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر وے پولیس (این ایچ ایم پی) نے سال 2025 کے لیے اپنی کارکردگی رپورٹ جاری کی ہے، جس میں ریسکیو پیانے پر عوامی خدمات، روڈ سیفٹی کے اقدامات اور شہریوں کے لیے تحفظ اور باوقار سفر کو یقینی بنانے کے لیے نافذ کے اقدامات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق موٹروے پولیس نے سال کے دوران 18,000 سے زائد مسافروں کو ہنگامی امداد اور بروقت طبی امداد فراہم کی جب کہ 5.4 ملین سے زائد افراد کو ٹول فری ہیلپ لائن 130 کے ذریعے رہنمائی فراہم کی گئی۔ اپنی سہولت (بقیہ نمبر 6)

شدید دھند کا راج، موٹروے کے متعدد سیکشنز ٹریفک کیلئے بند

لاہور ملتان موٹروے ایم تھری دھند کے باعث عمل طور پر بند کر دی گئی

لاہور (این این آئی) سینٹرل ریجن میں شدید دھند کے باعث مختلف موٹروز اور قومی شاہراہ پر ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی ہے جس کے پیش نظر موٹروے پولیس (بقیہ نمبر 2)

لاہور: صوبائی وزیر صحت وچیئرمین کابینہ کمیٹی امن وامان خواجہ سلمان رفیق کا رابطہ المدارس کے ہیڈ آفس آمد کے موقع پر جمید یداران کے ہمراہ گروپ فوٹو

کسٹمز افسر سمگلنگ ڈی آئی خان نے 5 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا اسمگل شدہ سامان ضبط کر لیا

اسلام آباد (اے پی پی): کسٹمز افسر سمگلنگ ڈی آئی خان نے 5 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا اسمگل شدہ سامان ضبط کر لیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے اتوار کو جاری پریس ریلیز کے مطابق کلکٹریٹ آف (بقیہ نمبر 3)

مچھیرے نے دریائے راوی سے 102 کلو وزنی مچھلی پکڑ لی

مچھلی 2 لاکھ روپے میں فروخت کروں گا محمد عارف کی گفتگو

لاہور (این این آئی) مچھیرے نے دریائے راوی سے 102 کلو وزنی مچھلی پکڑ لی۔ بتایا گیا نوجوان نے 102 کلو وزنی (بقیہ نمبر 24)

فیملی کورٹس کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری

گزشتہ سال سے لیکر اب تک خاندانی نوعیت کے مقدمات خلع، طلاق، نان ونفقہ اور بچوں کی سرپرستی سے متعلق کیسز میں نمایاں اضافہ ریکارڈ

پنجاب کے دس ڈویژنل بیوکورٹرز میں اس وقت 230 سے زائد فیملی کورٹس کام کر رہی ہیں، جن میں صرف لاہور میں 30 سے 35 فیملی کورٹس فعال ہیں

لاہور (اے پی پی): لاہور کی فیملی کورٹس میں گزشتہ سال سے لیکر اب تک خاندانی نوعیت کے مقدمات خصوصاً خلع، طلاق، نان ونفقہ اور بچوں کی سرپرستی سے متعلق کیسز میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ معاشی ذرائع سے مرحب کی فیملی کورٹس سے سال 2025 سے لیکر اب تک 17 ہزار 238 خواتین نے اپنے شوہروں سے خلع کے (بقیہ نمبر 10)

لاہور: صوبائی وزیر صحت وچیئرمین کابینہ کمیٹی امن وامان خواجہ سلمان رفیق کا رابطہ المدارس کے ہیڈ آفس میں جمید یداران سے ملاقات کر رہے ہیں

آر ڈبلیو ایم کے ورکرز سخت سرد موسم میں بھی فیلڈ میں متحرک

راولپنڈی کی تمام 22 تحصیلوں میں اتوار کی چھٹی کے روز بھی صفائی ورکرز نے بھرپور انداز میں خدمات سرانجام دیں

ویسٹ مینجمنٹ ٹیموں نے کنٹینرز اور ڈمپنگ پوائنٹس کو ویسٹ کلیکٹر کیا تاکہ شہر میں گندگی کے ڈھیر جمع نہ ہوں، سی ای او راجا ساجد صفدر

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی راجا ساجد صفدر نے کہا ہے کہ سخت سرد موسم، شدید دھند اور اتوار کی چھٹی کے باوجود آر ڈبلیو ایم کے ورکرز پوری لگن، جذبے اور ذمہ داری کے ساتھ فیلڈ میں متحرک رہے اور شہر کو ہر قسم کی صفائی کو یقینی بنایا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات اور سخرا جاہد پرویز المعی کے ہمراہ راولپنڈی کو صاف، صحت (بقیہ نمبر 5)

رمضان کا چاند 18 فروری، شوال کا چاند 20 مارچ کو نظر آنے کا امکان ہے

عید الاضحیٰ 27 مارچ کو منائی جا سکتی ہے، ڈاکٹر فہیم ہاشمی

لاہور (این این آئی) ماہر فلکیات نے رمضان المبارک، عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی ممکنہ تاریخوں کی پیشگوئی کر دی ہے۔ ماہر فلکیات ڈاکٹر فہیم ہاشمی کے مطابق پاکستان میں رمضان کا چاند 18 فروری کو نظر آنے کا امکان ہے۔ جس کے مطابق یکم رمضان 19 فروری کو ہو سکتا ہے۔ شوال کا چاند 20 مارچ کو نظر آنے کے امکان ہے۔ پیش نظر عید الفطر 21 (بقیہ نمبر 27)

شوگر لابز کے خلاف دائر مسابقتی کمیشن کی اپیلوں کی سماعت پیر 5 جنوری کو سپریم کورٹ میں ہوگی

اسلام آباد (اے پی پی): سپریم کورٹ آف پاکستان میں پیر 5 جنوری 2026 کو مسابقتی کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مختلف شوگر لابز کے خلاف دائر اپیلوں پر سماعت ہوگی۔ یہ مقدمات شیخ نمبر 1 کے (بقیہ نمبر 11)

5 جنوری کو خاندانی نوعیت کے متعدد اہم مقدمات سماعت کیلئے مقرر

مقدمات شیخ نمبر ایک کے روبرو سنے جائیں گے سربراہی چیف جسٹس کریں گے

کسی بھی بنیاد پر التوا نہیں دیا جائے گا، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی ہدایت

اسلام آباد (اے پی پی): سپریم کورٹ آف پاکستان میں پیر 5 جنوری 2026 کو خاندانی نوعیت کے متعدد اہم مقدمات سماعت کے لیے مقرر کیے گئے ہیں۔ جاری (بقیہ نمبر 17)

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج زیبا چوہدری کو اڈیشنل ڈی جی بنا دیا گیا

اسلام آباد (آئی آئی پی) گریڈ 21 کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج زیبا چوہدری کو اڈیشنل ڈی جی بنا دیا گیا۔ اسلام آباد ایڈمنسٹریشن نے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق زیبا چوہدری کو اڈیشنل ڈی جی بنا دیا گیا ہے۔ سیشن جج اسلام آباد ایڈمنسٹریشن کے چیف جسٹس سردار فراز ڈوگر کی منظوری سے رجسٹرار نے اس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق زیبا چوہدری کو (بقیہ نمبر 2)

ٹی ڈی آئی کی طویل، مخلصانہ، پیشہ ورانہ خدمات کو خراج تحسین پیش، بیک تنناؤں کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس میں چیف ڈرل انسٹرکٹر شیر محمد ریٹائر ہو گئے۔ سینٹرل پولیس کالج میں ان کے (بقیہ نمبر 8) 41 سال خدمات سرانجام دینے کے بعد نائب

لیڈی پولیس اہلکار ریگل چوک چرچ میں عبادت کیلئے آنے والی خاتون کے بیگ کی تلاشی لے رہی ہے

41 سال خدمات کے بعد نائب چیف ڈرل انسٹرکٹر شیر محمد ریٹائرڈ

کلی سروت اخون ایشیا (این این آئی) کلی سروت میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی ٹریفک پولیس اہلکاروں پر فائرنگ سے تین اہلکار شہید ہو گئے۔ ٹریفک پولیس اہلکار ڈیوٹی پر موجود تھے کہ نامعلوم افراد نے (بقیہ نمبر 6)

پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے افسوس کا اظہار

وزیراعظم کا شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ضلع کلی سروت میں فائرنگ کے واقعے کو وزیر اعظم آفس (بقیہ نمبر 3)

افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اتوار کو وزیر اعظم آفس

کیپٹل جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل

تمام جمید یداران بلا مقابلہ منتخب، سابق صدر نیشنل پریس کلب شکیل قرار کا ثبت سحافت کے فروغ پر زور دیا

موجودہ دور میں صحافیوں کو معاشی دباؤ، عدم تحفظ اور ادارہ جاتی مسائل کا سامنا ہے، بیورو چیف ایم نیوز شکیل قرار

اسلام آباد (محمد جمیل ملک) کیپٹل جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے انتخابات کی پرونا تقریب کنونشن ہال اسلام آباد میں منعقد ہوئی جس میں وارالحکومت سے تعلق رکھنے والے سینئر اور نوجوان صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی سابق صدر نیشنل پریس کلب اور بیورو چیف ایم نیوز شکیل قرار نے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایکسٹرا نیوز جنگ جنگ ایگزیکٹو آفیسر کے فرائض سینئر صحافی و چیف ایڈیٹر روزنامہ شہرت (بقیہ نمبر 4)

کیپٹل جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے انتخابات کی پرونا تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

پاکستان عوامی قوت ملک بھر میں عملی اقدامات کر رہی ہے

پاکستان عوامی قوت کے زیر اہتمام حلقہ این اے 48 کی یو سی 62، وارڈ نمبر 7 میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا

پاکستان عوامی قوت عوامی فلاح، شفافیت اور پائیدار ترقی کے مشن کے تحت علاقے کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی

راولپنڈی (این ای این) پاکستان عوامی قوت کے زیر اہتمام حلقہ این اے 48 کی یو سی 62، وارڈ نمبر 7 میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ملک اعجاز (سیکرٹری جنرل) کے ہمراہ کنسلٹر ظاہر خان، سلمان مہناس، شوکت مغل اور چاشنی ظفر نے منصوبوں کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ نمائندگان نے جاری ترقیاتی کاموں کے معیار، رفتار اور عوامی سہولتوں پر پڑنے والے مثبت اثرات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ ذمہ داران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ قیادت نے اس عزم کا اعلان کیا کہ پاکستان عوامی قوت عوامی فلاح، شفافیت اور پائیدار ترقی کے مشن کے تحت علاقے کی (بقیہ نمبر 28)

ملک اعجاز کے ہمراہ کنسلٹر ظاہر خان، سلمان مہناس، شوکت مغل اور چاشنی ظفر نے منصوبوں کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی معائنہ کر رہے ہیں

اسلام آباد پولیس اور ڈاکوؤں میں فائرنگ کا تبادلہ

زخمی ہونے والے ملزم سمیت تین ڈاکو گرفتار کر لئے، ایک فرار

اسلام آباد (اے پی پی): اسلام آباد کیپٹل ایریز (آئی سی ٹی) پولیس نے تھانہ کوسار کی حدود میں ڈکیت گینگ سے فائرنگ کے تبادلے کے بعد تین مسلح ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا جن میں ایک زخمی ملزم بھی شامل ہے جبکہ ان کا ایک ساتھی فرار ہونے میں کامیاب (بقیہ نمبر 9)

4 روز قبل مالک کی دکان سے چاندی چرانے والا ملازم گرفتار

مسروقہ چاندی کی فروخت سے حاصل رقم 2 لاکھ روپے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ جاتلی پولیس نے 4 روز قبل اپنے مالک کی دکان سے چاندی چرانے والا ملازم گرفتار کر لیا۔ مسروقہ چاندی کی فروخت سے حاصل ہونے (بقیہ نمبر 20)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح
بانیٔ پاکستان کامریڈ جوزف سٹالن
بانیٔ عوامی جمہوریہ چین چیئرمین ماؤزے تنگ
بانیٔ عوامی للکار کامریڈ فیروز الدین منصور

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ہیپاٹائٹس کا پھیلاؤ

کراچی ان دنوں صحت عامہ کے ایک خطرناک بحران کا سامنا کر رہا ہے۔ اگلے روز کراچی کے علاقے مچھر کالونی میں ایک بین الاقوامی ادارے نے 74 ہزار افراد کی ہیپاٹائٹس سی کی سکریننگ کی' جس میں سے 10 ہزار سے زائد یعنی تقریباً 13 فیصد افراد ہیپاٹائٹس سی سے متاثرہ پائے گئے۔ یہ اعداد و شمار کسی بھی شہری یا حکومتی ادارے کیلئے انتہاء سے کم نہیں۔ طبی ماہرین کے مطابق اس مرض کے پھیلاؤ کی بنیادی وجوہات سرنج کا غیر ضروری اور دوبارہ استعمال' خون کی غیر محفوظ منتقلی' حجام کی دکانیں اور اتائیوں کے غیر معیاری علاج ہیں۔ یہ وہ عوامل ہیں جو صرف کراچی کے کسی مخصوص علاقے یا کسی ایک شہر تک محدود نہیں بلکہ پورے ملک میں اس مرض کے پھیلاؤ کا خطرہ پیدا کرتے ہیں۔

اسلئے فوری طبی مہمات' سکریننگ' ویکسی نیشن اور علاج کی سہولتیں فراہم کرنا ناگزیر ہیں۔ عوام کیلئے بھی ضروری ہے کہ وہ غیر محفوظ طبی طریقوں اور اتائیوں کے بجائے مستند معالج سے رجوع کریں' انتقال خون یا سرنج کے حوالے سے غیر معیاری آلات استعمال نہ کریں۔ بروقت اقدامات سے یہ مسئلہ صحت عامہ کے ایک بڑے المیے میں ڈھلنے سے بچ سکتا ہے۔ لہٰذا حکومت کو وقت ضائع کیے بغیر ہیپاٹائٹس سی کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے سنجیدہ اور فوری اقدامات کرنے چاہئیں۔ یہ صرف ایک طبی ضرورت نہیں' بلکہ عوام کی زندگیوں کو بچانے کا ایک بنیادی فریضہ ہے۔

مقبوضہ کشمیر۔۔۔حق خودارادیت اور عالمی ضمیر کی خاموشی

چشم نم
رشید احمد نیم
Rasheed6301453622@gmail.com

قوتوں نے ہمیشہ کمزور اقوام پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے جغرافیہ اور طاقت کا سہارا لیا۔ اس کے مقابلے میں مظلوم قوموں نے شدید قربانیوں کے باوجود اپنے فیصلے کا حق ترک نہیں کیا۔ اسی تلخ تجربے کے نتیجے میں دنیا دو عالمی جنگوں کے بعد یہ عہد کیا کہ آئندہ طاقت کے زور پر قوموں کی تقدیر نہیں لکھی جائے گی۔ اسی عہد کی عملی شکل پہلے یہ تھی اقوام اور بعد ازاں اقوام متحدہ کی صورت میں سامنے آئی جس کے منشور میں حق خودارادیت کو مرکزی حیثیت دی گئی۔ برصغیر جنوبی ایشیا بھی اسی سامراجی تاریخ کا حصہ رہا ہے۔ صدیوں سے زرخیز وسائل، جغرافیائی اہمیت اور تہذیبی تنوع کے باعث یہ خطہ بیرونی قوتوں کی توجہ کا مرکز رہا۔ جب برطانوی اقتدار کمزور ہوا تو آزادی کا خواب حقیقت بننے کے قریب تھا مگر تقسیم کا طریقہ ایسا اختیار کیا گیا جس نے نہ صرف کشمیر بلکہ پورے خطے کو مستقل کشیدگی میں دھکیل دیا۔ اس تلخ تجربے کے نتیجے میں دنیا نے دوسری جنگ

1

قانون، سٹیزیز موبیلیٹی، سٹیزیز ایپس آف ایف۔ سی، سٹیزیز آئی ٹی، سٹیزیز اسٹیٹمنٹ ڈویژن، سٹیزیز ڈائنامک جسٹس اور سٹیزیز سرایلنس کمانڈ بورڈ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ سٹیزیز ایس ای ایل، کوئز سٹیٹ بینک، بیئرز سن پی ایل، ایکاؤ، بیورا ڈی ٹی پی ایس، آئس اور ایڈمنسٹریشن آڈیٹر جنرل بھی شامل کیے ہیں۔ سٹیزیز ایڈمنسٹریشن کے ذمہ داران موجود تھے۔ سٹیزیز ڈائنامک جسٹس کے ذمہ داران نے بھی شرکت کی۔ وفاقی وزارت سٹیزیز کی ذمہ داران موجود تھے۔

2

گرنے سے 6 افراد جاں بحق بنگلہ 5 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ ڈی جی ریسکیو 1122 کے مطابق ہلاک ہونے والے افراد کی شناخت کی جا رہی ہے۔ واقعے نے علاقے میں خوف و ہراس پھیلا دیا۔ ہمارے ساتھ ہمارے بچے بھی تھے، شادی میں آئے ہوئے مہمان بھی تھے۔ سب کے سب ملبے تلے دب گئے۔ چشمدید کے مطابق ایک ہی زیادہ تر افراد اس حادثے کا شکار ہوئے ہیں۔ ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ چکی ہیں۔ ریسکیو ٹیمیں ملبے تلے دبے افراد کی تلاش کر رہی ہیں۔ ریسکیو ٹیمیں ملبے تلے دبے افراد کی تلاش کر رہی ہیں۔ ریسکیو ٹیمیں ملبے تلے دبے افراد کی تلاش کر رہی ہیں۔

3

نام نہاد بلاشرح پیداوریں اور سرکاری اراضی کو ہتھیام کرنے کے الزام میں سابق وزیر اعظم عمران خان کو 14 سال قید بامشقت کی سزا سنا دی گئی ہے۔ عدالت نے عمران خان کو 14 سال قید بامشقت کی سزا سنائی ہے۔

تھانہ دھمیال کے علاقہ میں دو ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ

ایک ہفتہ قبل تھانہ صدر بیرونی کے علاقے سے شہری سے گن پوائنٹ پر چھینا گیا موٹر سائیکل، 33 موبائل فون اور اسلحہ برآمد

گرفتار ملزم قبل ازیں ڈکیتی و سنیچنگ کے مقدمات میں ملوث اور ریکارڈ یافتہ بھی ہے، موبائل فونز چھیننے کا انکشاف

راولپنڈی (این ایس این) تھانہ دھمیال کے علاقہ میں دو ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ کے دوران ایک رنگی ملزم گرفتار، ایک ہفتہ قبل تھانہ صدر بیرونی کے علاقے سے شہری سے گن پوائنٹ پر چھینا گیا موٹر سائیکل، 33 موبائل فون اور اسلحہ برآمد، گرفتار ملزم قبل ازیں ڈکیتی و سنیچنگ کے مقدمات میں ملوث اور ریکارڈ یافتہ بھی ہے، گرفتار ملزم نے راولپنڈی کے مختلف علاقوں سے موبائل فونز چھیننے کا انکشاف کیا، پولیس نے علاقے میں ملزمان کی موجودگی کی اطلاع پر ریڈ کیا، جس پر ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کر دی (تفصیلی خبر نمبر 29)

تھانہ دھمیال پولیس کی کارروائی کے دوران پکڑے گئے موبائل فون موٹر سائیکل

دو تھانہ کے گروپوں کے درمیان فائرنگ، ایک نوجوان جاں بحق، 5 شدید زخمی

سرگودھا (این ایس این آئی) سرگودھا میں دو تھانہ کے گروپوں کے درمیان فائرنگ سے ایک نوجوان جاں بحق اور 5 افراد شدید زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق شاہجو کے گاں کنڈان کے قریب دو تھانہ کے گروپوں کے درمیان ٹک ٹاک بنا کر اپلڈ کرنے پر شروع ہونے والے خانہ جنگی پر فائرنگ سے (تفصیلی خبر نمبر 30)

لیاری گینگ وار کے سابقہ کمانڈر رحمان ڈکیت کا بھتیجا تھی سمیت گرفتار

کراچی (این ایس این آئی) لیاری میں گینگ وار کے سابقہ کمانڈر رحمان ڈکیت کے بھتیجے کو ساتھی سمیت گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ملزمان کو واردات لیاری کلاکوٹ سے گرفتار کیا گیا، اسلحہ بھتیجی کی موٹر سائیکل بھی برآمد کی گئی۔ ایس ایس پی غازی عارف عزیز کے مطابق ضلع ساؤتھ میں پولیس کے کارروائی کرتے ہوئے لیاری گینگ وار کے بدنام زمانہ کمانڈر رحمان ڈکیت کے بھتیجے کو ساتھی سمیت دوران واردات رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ ملزمان کو تھانہ کلاکوٹ (تفصیلی خبر نمبر 31)

ڈیفنس فیز 8 میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 15 سالہ بچہ جاں بحق

کراچی (این ایس این آئی) شہر قائد کے علاقے ڈیفنس فیز 8 میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 15 سالہ بچہ جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق حادثہ تیز رفتار گاڑی کی موٹر سائیکل کو ٹکر دینے میں پیش آیا۔ حادثے کے بعد ریسکیو ٹیمیں اور پولیس جائے وقوعہ پہنچیں اور جاں بحق بچے کی لاش کو جناح اسپتال منتقل کیا۔ جہاں متوفی کی شناخت 15 سالہ کامل ولد نعیم اللہ (تفصیلی خبر نمبر 33)

جرمنی میں مقیم پاکستانیوں کو دہری شہریت رکھنے کی اجازت مل گئی

فیصلے کا تعلق جرمنی کے قانون میں کسی نئی تبدیلی سے نہیں، پاکستان کے اپنی پالیسی فیصلے سے ہے

لاہور (این ایس این آئی) پاکستان حکومت نے جرمنی میں مقیم اپنے شہریوں کے لیے دہری شہریت کی منظوری دیدی ہے، جس کے بعد اب جرمنی میں رہائش پذیر اوورسیز پاکستانی جرمن شہریت حاصل کرنے کی صورت میں پاکستانی شہریت ترک کرنے کے پابند نہیں رہے۔ اس فیصلے کے بعد بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے ایک بڑی اور دیرینہ مطالبے کی (تفصیلی خبر نمبر 32)

کراچی، مین ہول سے ملنے والے 4 مقتولین کا قاتل گرفتار

پولیس کے مطابق ملزم مسرور حسین نے ہی خاتون اغوا اور تینوں بچوں کو قتل کیا ہے

کراچی (این ایس این آئی) کراچی ایسٹ کی کورنگی ایسوسی ایشن کے علاقے میں مین ہول سے ملنے والے 4 مقتولین کے قاتل مسرور حسین کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ اطلاعات کے مطابق کراچی پولیس نے

اسلام آباد: ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد عثمان طارق بٹ، ایس پی سیکورٹی/آپریشنز اور دیگر سینئر افسران فیلڈ میں موجود ہیں

پیرا فورس کا نظام جدید ٹیکنالوجی سے لیس، جرمانے کی رقم نقد وصول نہیں کی جائے گی

شرعے بار سمان، رکھنے والے تاجروں کو 40 ہزار جرمانہ چالان ہونے ہی موبائل پر میسج آئے گا تمام ادائیگیاں یو ایپ کے ذریعے خود جمع کروانی ہوں گی

ڈیجیٹل نظام سے خبروں کو فاتر کے چکر کاٹنے سے نجات ملے گی ان اقدام کا مقصد نظام میں شفافیت لانا اور کرپشن کے امکانات کو ختم کرنا ہے

گوجرخان (قمر شہزاد) ہیرا فورس کے اعلیٰ حکام کی خصوصی ہدایت پر گوجرخان میں انتظامی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے اہم عملی طور پر کیش لیس بنانے کا بڑا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سے نظام کو شفاف اور عملی شکل دے کر جرمانے کی رقم نقد وصول نہیں کی جا سکے گی، بلکہ شہریوں کو تمام ادائیگیاں یو ایپ کے ذریعے خود جمع کروانی ہوں گی۔ نئے ضوابط کے مطابق، پیشی کی سی قانون کی خلاف ورزی (تفصیلی خبر نمبر 35)

گھر میں کھیلتی ہوئی بچی کے گلے میں 2 سکے پھنس گئے

ریسکیو عملہ نے پیشہ ورانہ مہارت سے سکے نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا

نکانہ صاحب (این ایس این آئی) نکانہ سٹی علاقہ اسلام پورہ گھر میں کھیلتی ہوئی بچی کے گلے میں 2 Coins 2 سکے پھنس گئے جس کے نتیجے میں 7 سالہ حرا خدیم کو سانس لینے میں رکاوٹ کے باعث حالت غیر ہونگئی اطلاع ملتے ہی ریسکیو عملہ نے پیشہ ورانہ مہارت سے سکے نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا

شدید دھند کے باعث کئی پروازیں منسوخ، متعدد تاخیر کا شکار

پروازیں منسوخ ہونے سے مسافروں، عزیز و اقارب کو شدید مشکلات کا سامنا

لاہور (این ایس این آئی) خراب موسم، دھند اور حد نگاہ میں کمی کے باعث ملک کے مختلف ایئرپورٹس پر کئی پروازیں منسوخ اور متعدد تاخیر کا شکار ہیں جس کی وجہ سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق کئی

کراچی میں داماد کو قتل کرنے والا سسر بیٹے سمیت گرفتار

مقتول کے ورثا نے مقدمے میں سسر اور اس کے 6 بیٹوں کو نامزد کرایا تھا

کراچی (این ایس این آئی) شہر قائد کے علاقہ گلشن کی حدود میں بیٹوں کے ساتھ مل کر داماد کو تشدد کے بعد قتل کرنے والے سسر کو بیٹے سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق سسر کی شناخت شوکت جنکہ بیٹے کی (تفصیلی خبر نمبر 9)

ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں، 2 گینگز گرفتار

دو گینگز کے 4 افراد گرفتار، 11 مسروقہ موٹر سائیکل، چھینے گئے 5 موبائل فون و رقم 23 ہزار 500 روپے اور اسلحہ برآمد

صادق آباد پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے 7 مسروقہ موٹر سائیکل، چھینے گئے 5 موبائل فون و رقم 23 ہزار 500 روپے اور اسلحہ برآمد کر لیا

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی پولیس کی ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں، دو گینگز کے 4 افراد گرفتار، 11 مسروقہ موٹر سائیکل، چھینے گئے 5 موبائل فون و رقم 23 ہزار 500 روپے اور اسلحہ برآمد کر لیا، مقدمہ پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے 4 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کئے مزید حراست افراد کو خصوص شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، (تفصیلی خبر نمبر 0)

افراد گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر لی

راولپنڈی (این ایس این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 افراد کو حراست میں لے کر 1 کلو سے زائد چرس، 35 لیٹر شراب اور 80 گرام آئس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 1 کلو 440 گرام چرس اور 10 لیٹر شراب برآمد کی، بصیر آباد پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 80 گرام آئس برآمد کی، گوجر خان پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کی، دھمیال پولیس نے ایک (تفصیلی خبر نمبر 1)

مقدمہ پولیس کی کارروائی، زیر حراست گینگ سے برآمد ہونے والی مسروقہ موٹر سائیکل

کندھ کوٹ، جشن مولود کعبہ حضرت علی علیہ السلام کی ولادت کی خوشی پر کیک کا ٹا جا رہا ہے

کندھ کوٹ، جشن مولود کعبہ عقیدت و احترام سے منایا گیا

حضرت علی علیہ السلام کی ولادت باسعادت پر خصوصی تقریبات کا انعقاد

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ جعفریہ انٹس پاکستان ضلع کشمور ایت کندھ کوٹ کے زیر اہتمام مشن مولود کعبہ نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا اس بابرکت موقع پر حضرت مولانا کائنات امیر المومنین امام اول حضرت علی علیہ السلام کی ولادت باسعادت کے سلسلے میں دو مقامات پر خصوصی تقریبات منعقدی گئیں جن میں شاہ عمس (تفصیلی خبر نمبر 42)



راولپنڈی: تھانہ سول لائنز پولیس کی کارروائی، زیر حراست فرد سے برآمد ہونے والی شراب

8 جنوری وک تعلیمی ڈے پر خصوصی تقریب منعقد ہوگی

گاہی واک کے ذریعے تعلیمی مسائل کی جانب حکام کی توجہ دلائی جائیگی

واک کی قیادت جماعت اسلامی کے امیر غلام مصطفیٰ میرانی کرینگے

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ تعلیم کے فروغ، نظام تعلیم میں اصلاحات اور سندھ کی تعلیمی ترقی کے مزم کے تحت سالانہ حقوق تعلیم واک 8 جنوری کو تعلیمی ڈے کے موقع پر کندھ کوٹ میں منعقد کی جا رہی ہے۔ واک کا نعرہ ہر گھر تعلیم کے عنوان پر بدلا یو نظام کی خوار یوسند کی رکھا گیا ہے، جس کا مقصد عوام میں تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور موجودہ تعلیمی مسائل کی جانب حکام بالا کی توجہ مبذول کرانا ہے۔ یہ واک صبح 11:30 بجے شہر کے مختلف علاقوں سے روانہ ہو کر پریس کلب کندھ کوٹ پہنچے گی۔ (تفصیلی خبر نمبر 43)

گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات

راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران و جوان تعینات

راولپنڈی (این ایس این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کئے گئے ہیں پولیس کے 450 سے زائد افسران و جوان سیکورٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، سینئر افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد (تفصیلی خبر نمبر 44)

اسلام آباد: ایس پی ٹریفک ذوالفقار حسین اور ایس پی انڈسٹریل ایریا زون خالد محمود اعوان ڈیوٹی پوائنٹ کا دورہ کر رہے ہیں

پنوعاقل کا قدیم قبرستان چار دیواری سے محروم

قبرستان کی حفاظت نہ ہونے کی وجہ سے آئے روز قبروں کی بے حرمتی ہو رہی ہے

جس پر علاقہ مکینوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق گاؤں کے بعض رہائشی اپنے پچاسے ، (تفصیلی خبر نمبر 45)

الخدمت فاؤنڈیشن ضلع کشمور کی جانب سے کیمل پیک کے تعاون سے کندھ کوٹ میں ونٹر سیکیج کے تحت مستحق خاندانوں میں گرم رضائی تقسیم کیے جا رہے ہیں

الخدمت فاؤنڈیشن ضلع کشمور کا ونٹر پیکیج مستحقین میں گرم رضائی تقسیم

الخدمت بلا کسی تفریق خدمت انسانیت پر یقین رکھتی ہے، غلام مصطفیٰ میرانی

کندھ کوٹ، رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ الخدمت فاؤنڈیشن ضلع کشمور کی جانب سے کیمل پیک کے تعاون سے ونٹر پیکیج کے تحت کندھ کوٹ کے پنجابت ہال میں 150 غریب اور مستحق گھرانوں میں لحاف تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر جماعت اسلامی ضلع کشمور کے امیر غلام مصطفیٰ میرانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الخدمت بلا کسی تفریق خدمت انسانیت پر یقین رکھتی ہے اور یہ اقدام قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل حالات میں مستحقین کی مدد کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن ضلع کشمور کے صدر (تفصیلی خبر نمبر 46)

ٹک ڈاؤن کا گانا چلنے پر انتظامیہ کا سخت ایکشن، 3 ملازمین معطل

شالیمار باغ میں جاری پروگرام میں شرکا نے گانے کی فرمائش کی

متعلقہ سرکاری محکمہ کی فوری معطلی، جس پر انتظامیہ نے کارروائی کی۔ شالامار باغ میں جاری پروگرام میں شرکا کی فرمائش پر چیپ ہی گانا شروع ہوا تو انتظامیہ حرکت میں آئی اور ان کو بند کروا دیا جبکہ ایس او ایز (تفصیلی خبر نمبر 47)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پیشہ ور علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

سینئر صحافی ناصر خان لودھی کی جلد صحت یابی کیلئے دعائیں

سابق ٹی ایم او پروا آور موجودہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسٹیٹ اینڈ مینجمنٹ سی ایم جی پی پشاور صاحبزادہ محمد انور شاہ

معروف سماجی شخصیت ظفر خان بلوچ اور تاجر رہنما محمد اکرم رضا نے سینئر صحافی و سماجی شخصیت ناصر خان لودھی سے الگ الگ ملاقات کی

پروا (نمائندہ عوامی للکار سماجی ڈیسک) سی ایم او پروا اور موجودہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسٹیٹ اینڈ مینجمنٹ سی ایم جی پی پشاور صاحبزادہ محمد انور شاہ معروف سماجی شخصیت ظفر خان بلوچ اور تاجر رہنما محمد اکرم رضا نے سینئر صحافی و سماجی شخصیت ناصر خان لودھی سے الگ الگ ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ ملاقات کے دوران انہوں نے ناصر خان لودھی کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا کی اور پروا کے لیے ان کی طویل صحافتی و سماجی خدمات کو بھرپور انداز میں سراہا۔ ملاقات میں ان کا کہنا تھا کہ لودھی خاندان کی پروا کے لیے خدمات (تفصیلی خبر نمبر 48)

سینئر صحافی و سماجی شخصیت ناصر خان لودھی کی سابق ٹی ایم او پروا اور موجودہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسٹیٹ اینڈ مینجمنٹ سی ایم جی پی پشاور صاحبزادہ محمد انور شاہ، معروف سماجی شخصیت ظفر خان بلوچ اور تاجر رہنما محمد اکرم رضا عیادت کر رہے ہیں

پولیس مقابلوں کے دوران زخمی سمیت 6 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

کراچی (این ایس این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلوں کے دوران 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع ملیر کے علاقے سوائی عظمہ کے قریب قائد آباد پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، دونوں طرف فائرنگ کے نتیجے میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ اس کا ساتھی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گیا۔ ترجمان ایس ایس پی ملیر کے مطابق گرفتار زخمی ملزم کی شناخت دیشان ولد عمیر احمد کے نام سے ہوئی ہے، جس کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ برآمد کیا، موبائل فون اور نقدی برآمد کی گئی۔ زخمی ملزم کو مقامی امداد کے لیے جناح ہسپتال منتقل کیا گیا (تفصیلی خبر نمبر 50)

مویشیوں سے بھرا ٹریلر الٹ گیا، 3 سو سے زائد بکریاں ہلاک

رحمٹی تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل، ٹریلر حیدرآباد سے پنجاب جا رہا تھا

نواب شاہ (این ایس این آئی) قاضی احمد قومی شاہراہ ٹول پلازہ کے قریب مویشیوں سے بھرا ٹریلر الٹ گیا، حادثے میں 300 بکریاں ہلاک ہو گئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نواب شاہ میں قومی شاہراہ قاضی احمد ٹول پلازہ کے قریب مویشیوں سے بھرا ٹریلر الٹ گیا، حادثے میں تین سو سے زائد بھیڑ اور بکریاں ہلاک ہو گئیں، جبکہ ٹریلر میں سوار (تفصیلی خبر نمبر 49)

پوٹھوہار پولیس کی پتنگ سپلائرز کیخلاف کارروائیاں

2 پتنگ سپلائر گرفتار، 930 پتنگیں ، 3 ڈوریں برآمد

راولپنڈی (این ایس این آئی) پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے پتنگ سپلائرز کے خلاف کارروائیوں کے دوران 2 پتنگ سپلائر گرفتار 930 پتنگیں اور 3 ڈوریں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق صغیر آباد پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 600 پتنگیں اور 4 ڈوریں برآمد کی، چکالہ پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 330 پتنگیں اور 2 ڈوریں برآمد کیں، زیر حراست افراد کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے گرفتار کر لیا گیا، پتنگ بازی کو (تفصیلی خبر نمبر 51)

پنجاب کی حقیقت معنوں میں مثالی صوبہ بن رہا ہے

مسلم لیگ ن کے صدر بنجاب کی باگ ڈور ایک ایسی مدبر شخصیت کے ہاتھ میں ہے جو ہر خیخنج سے نمٹنا جانتی ہے، طاہر بیگ

گوجرخان (قمر شہزاد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے بھر میں سڑکوں کی بحالی، غریبوں کے لیے چھت کی فراہمی اور ماڈرن کی بنیاد پر اقوامی معیار پر استوار کی ہے پیک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے جس عظیم الشان منصوبے کا آغاز کیا ہے، اس نے سیاسی و سماجی حلقوں میں جوش و خروش کی لہر دوڑا دی ہے۔ اس ویژنری فیصلے نے ثابت کر دیا ہے کہ مریم نواز پنجاب کو ایشیا کا معاشی مرکز بنانے کے لیے عملی میدان میں اتر چکی ہیں۔ ان انقلابی اقدامات پر حلقہ پی پی 5 مسلم لیگ (تفصیلی خبر نمبر 52)

رابطہ شوکت عزیز اور طاہر بیگ کی فائل فوٹو

بجلی کا کرنٹ لگنے سے تین نوجوان گے بھائی جاں بحق

تعزیتی ضروری کاروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر دی گئیں، ذرائع

گوجرخان (این ایس این آئی) سرگودھا شہر میں مکان کی چھت پر کام کرتے ہوئے بجلی کا کرنٹ لگنے سے تین نوجوان گے بھائی جاں بحق ہو گئے جن کو ورثا کے سپرد کر دی گئیں، ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر کے علاقہ استقلال آباد کا ڈنی پل 78 کے قریب مکان کی چھت پر کام کے دوران کرنٹ لگنے سے 3 (تفصیلی خبر نمبر 53)

راولپنڈی پولیس نے 4 افراد کو حراست میں لیکر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا

راولپنڈی (این ایس این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے نہائتہ اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 04 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ ردہ امرال، سوہاوہ، گوجر خان اور دھمیال کے علاقوں میں کی گئیں، مزید پیش رفت پر کہا گیا کہ نہائتہ اسلحہ رکھے (تفصیلی خبر نمبر 54)

جعلی ڈرائیونگ لائسنس بنانے والا فراڈ نیٹ ورک بے نقاب

ملزم گرفتار جعلی لائسنس اور آلات برآمد، ڈی پی او چکوال کی پولیس ٹیم کو شاباش دی

چوآسیدن شاہ (ناصر شہزاد) ایس ڈی پی او چوآسیدن شاہ سرکل کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ چوآسیدن شاہ سب انسپکٹر خمیر حسین نے اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد عقیل اور ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے جعلی ڈرائیونگ لائسنس بنانے کے کاروبار کا پردہ چاک کر دیا۔ اس موقعہ پر پروقت کارروائی پر ٹریفک پولیس آفیسر چکوال نے کارروائی کرنے والے ملزم (تفصیلی خبر نمبر 55)

شہریوں سے فراڈ کرنے والا ملزم ایس ایچ او تھانہ چوآسیدن شاہ کی حراست میں

پنجاب کے 4500 ہسپتال اور دیہی مراکز کا ادارے اسٹک کرنے کا ہدف مقرر

لاہور (این ایس این آئی) پنجاب حکومت نے صوبے کے 4500 سے زائد ہسپتال اور دیہی صحت مراکز کو ادارے کے جدید سسٹم سے منسلک کرنے کا ہدف مقرر کر دیا ہے۔ ادارے سول رجسٹریشن ایڈوائس سیکشن سسٹم کو وائرلیس کا مزید بڑھایا ہے اور جینٹل ہیلتھ آئس کے تحت متعدد ہسپتالوں میں جدید آلات فراہم کر دیئے گئے ہیں، اس کے نتیجے میں تصویر، نکاح اور سیالوٹ کے ہسپتال ادارے جدید ہی آر وائی ایس سسٹم سے منسلک ہو چکے ہیں۔ کام کے مطابق (تفصیلی خبر نمبر 56)

آئی سی ٹی پولیس کا اسلام آباد بھر میں سرچ، کومبنگ آپریشن

سرچ آپریشنز کے دوران مختلف علاقوں میں 277 افراد، 200 گھروں اور 30 دکانوں کو چیک کیا گیا

تصدیق اور مزید انکوائری کے لیے 23 مشکوک افراد، 27 موٹر سائیکلوں اور چار گاڑیوں کو تھانوں میں منتقل کیا گیا

اسلام آباد (اے پی پی): اسلام آباد کیپیٹل ایمرجنسی پولیس نے جرائم کی روک تھام اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے زونل سرچ مشن آف پولیس کی زیر نگرانی وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیا۔ ترجمان کے مطابق اس مہم کے دوران 277 افراد، 200 گھروں اور 30 دکانوں کو چیک کیا گیا۔ مشکوک افراد، 27 موٹر سائیکلوں اور چار گاڑیوں کو تھانوں میں منتقل کیا گیا

امریکا نے سب سے بڑے تیل ذخائر پر قبضہ کر لیا، علی موسیٰ گیلانی

اب امریکا مغرب مشرق وسطیٰ میں تیل سپلائی متاثر ہونے پر محفوظ ہوگا

ملتان (این ایس این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما علی موسیٰ گیلانی نے کہا ہے کہ امریکا نے سب سے بڑے تیل ذخائر پر قبضہ کر لیا ہے، اب امریکی تیل کمپنیاں وینزویلا سے تیل نکالیں گی۔ ایک بیان میں پیپلز پارٹی رہنما علی موسیٰ گیلانی نے امریکا کی جانب سے وینزویلا کے خلاف فوجی کارروائی کے معاملے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ امریکا نے سب سے بڑے تیل ذخائر پر قبضہ کر لیا ہے، پیٹرول رٹ مالی طاقت کے توازن میں بڑی تبدیلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ اب وینزویلا کا نظام اب امریکا چلائے گا۔ علی موسیٰ گیلانی نے کہا کہ امریکی تیل کمپنیاں وہاں تیل نکالیں گی، اب امریکا (تفصیلی خبر نمبر 58)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035